لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اجازت وصول فیس بطور کرایہ مکان از زر مویشیان نیلامی۔	۱ و ۲
۲	تقرر مسٹر محمود علی خان بی اے ایل ایل بی۔	۲
۳	تقرر اصغر خان عہدہ دار۔	۲ و ۳
۴	باہمی تبادلہ دو سب انسپکٹران پولیس	۳
۵	تجویز رعایتی بابت متعلمین مدرسہ عالیہ بنظر حصول ملازمت مدارس ریاست	″
۶	رخصت جگن لال اہلمد۔	″
۷	″ حبیب اللہ گرداور چنگی	″
۸	اعلان کتب جدید الطبع	۳
۹	نقشہ جات اموات و ولادت روئداد کمیٹی میونسپلٹی و قواعد مدارس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بابت منظوری دلانے جانے فیس بطور کرایہ مکان بابت مویشیان زر نیلام مجتمع عدالت فوجداری سے۔

کاغذات ملاحظہ ہوئے جب استدعا صاحب سکریٹری بہادر صنعت حرفت باتفاق رائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منظور کیا جاتا ہے

کہ ایسے مویشی جو بحالت مشتبہ ذریعہ پولیس گرفتار ہو کر داخل مویشی خانہ ہون اور بطور مال لاوارث نیلام ہون اور وہ مویشی جو کسی مقدمہ فوجداری مین قرق ہو کر داخل مویشی خانہ ہون اور عدالت فوجداری کے حکم سے نیلام کی جائین اُنکی فیس قیمت نیلام مین سے مویشی خانہ کو دلائی جایا کرے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ بمبئی

بحسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض	میرساند

جناب عالی

قبل ازین صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات کی جانب سے اس امر کی تحریک ہوئی تھی کہ مثل مویشی خانہ جات ضلع مرادآباد کی ریاست ہذا کی مویشی خانون مین بھی یہ عملدرآمد ہونا چاہیے کہ جو مویشیان قرق شدہ عدالت دیوانی و فوجداری و مال واجراء ڈگری۔ نیز مشتبہ گرفتار کردہ پولیس داخل مویشی خانہ ہون۔ اُنسے علاوہ خرچ خوراک کی پندرہ روزہ کرایہ مکان مویشیخانہ لیا جایا کرے۔ چنانچہ اس بارہ مین صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے مشورہ کرکے ان مویشیون کی بابت جو اجراء ڈگری مین بحکم عدالت دیوانی داخل مویشیخانہ ہون فیس مویشیخانہ لئے جانیکی بابت اجلاس ہمایون سے منظوری حاصل کرکے درج گزٹ کرا دیا گیا۔ چونکہ قواعد پونڈ ضلع مرادآباد پیش کردہ صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشیخانہ جات مین مویشیان مشتبہ گرفتار کردہ پولیس و مقرقہ عدالت فوجداری کی بابت فیس مویشی خانہ لئے جانیکا کوئی قاعدہ درج نہ تھا اسوجہ سے اس قسم کی مویشیون پر کرایہ مکان مویشیخانہ لئے جانیکی تجویز نہین ہوئی تھی اب صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات بحوالہ تحریر صاحب سکریٹری میونسپل بورڈ مرادآباد مکرر اسکی تحریک کرتے ہین کہ مویشیخانہ جات ضلع مرادآباد مین ایسی مویشیون کی فیس مویشیخانہ لئے جانیکا قاعدہ ہے کہ جو بحالت مشتبہ ذریعہ پولیس گرفتار ہو کر داخل مویشیخانہ ہون اور بطور مال لاوارث بحکم عدالت نیلام تجویز ہون نیز ایسے مویشی جو کسی مقدمہ فوجداری مین قرق ہو کر داخل مویشیخانہ ہون اور عدالت فوجداری کے حکم سے نیلام کیجاوین۔ لہذا ریاست ہذا مین بھی اسکا عملدرآمد فرمایا جائے چنانچہ اس بارہ مین صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے مکرر مشورہ کیا گیا تو صاحب موصوف کو بھی اس مین کوئی اعتراض نہین ہے۔ لہذا کاغذات متعلقہ و مثل سابقہ ہمراہ عرضداشت ہذا بنابر منظوری و اندراج گزٹ حضور انور اقدس مین پیش ہین۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

زیر تنخواہ دستخط صاحب سکریٹری بہادر

صنعت وحرفت۔ معروضہ ۱۹ اگست ۱۹۲۵ء

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۴ ستمبر ۱۹۲۵ء

از بمبئی

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

۱- مسٹر محمود علی خان بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی متوطن بریلی بمشاہرہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ اور پچاس روپیہ ماہوار الاونس سواری یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے کنٹرولر پرنسز ہاؤس ہولڈ مقرر کئے جائین۔ پرنسز بجٹ سے تنخواہ لینگی اور بماتحتی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر خدمات انجام دینگے۔

۲- ابتک میجر نور محمد خان سے پرنسز ہاؤس ہولڈ کی خدمات متعلق ہین آیندہ وہ پرنسز کے ایڈی سی رہین گے۔ اور اس کام سے اُنکا تعلق نہ رہیگا

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون۔

بحسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۰ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ تقرر سیے اصغر خان امیدوار بجائے اللہ رکھے خان مذکوری تحصیل شاہ آباد۔

سمیان اللہ رکھی خان و اصغر خان کو ملاحظہ کیا گیا اللہ رکھی خان مذکوری کی ملازمت کو دو سال ہوئے ہین تحصیل و حاکم صاحب صدر دونون جگہ سے رپورٹ ہوئی ہے کہ اللہ رکھی خان مذکوری کی جگہ پر اصغر خان امیدوار کو مقرر کر دیا جائے۔ اصغر خان امیدوار منظور شدہ ہے اب دیکھا جاتا ہے کہ اسطرح سے جو سپاہی یا مذکوری چاہتا ہے اپنی جگہ جسکو چاہتا ہے مقرر کراتا ہے۔ یہ طرز عمل ٹھیک نہین معلوم ہوتا۔ اسی طریقے سے نوکریان فروخت کرتے ہین۔ فروخت ملازمت کا طریقہ بالکل درست نہین ہے۔ آیندہ اس قسم کی رپورٹ نہین کرنا چاہیے۔ حاکم صاحب صدر وغیرہ جملہ حکام ماتحت کو اطلاع دیجائے۔ چونکہ سیے اصغر خان امیدوار منظور شدہ ہے

عوض اللہ رکھے خان کا برطرف کیا جانا اور بجائے اُسکے اصغر خان امیدوار
تقرر بشاہرہ پانچروپیہ حسب سفارش حاکم صاحب صدر منظور ہے۔
احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
تبادلہ
۲۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرقومہ ۲۲ ستمبر ۱۹۲۵ء
دربارہ عطائے منظوری تجویز تبادلہ کلب حسن خان سب انسپکٹر بلاسپور سے
حوالی شہر اور احمد حسن خان سب انسپکٹر حوالی شہر سے بلاسپور بکار
انچارجی بنظر اسلوبی کار سرکار۔

حکم

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس تبادلہ باہمی سب انسپکٹران
احمد حسن خان و کلب حسن خان اپنی اپنی تنخواہ پر منظور ہے احکام جاری ہوں۔
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مرتبہ
واقع تاریخ ۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

قواعد مجریہ ۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء میں یہ شرط کی گئی ہے کہ ریاست کے اردو
مدارس میں مڈل پاس یا پرائمری پاس کو مدرس مقرر کیا جائیگا۔ باشندگان
ریاست و متعلمین مدرسہ عالیہ کی [illegible] مد نظر کہہ کر یہ مناسب معلوم ہوتا ہے
کہ ایسے اشخاص کو جو باشندہ ریاست ہوں اور انہوں نے مدرسہ عالیہ میں
پڑھ کر امتحانات فارسی پنجاب یونیورسٹی میں سے کوئی امتحان پاس کیا ہو
مدارس مذکور میں ملازمت کی سہولت بہم پہنچائی جائے۔ لہذا تجویز کی جاتی ہے
کہ اشخاص مذکورالصدر میں سے

(۱) جو شخص پرائمری کورس کے حساب اور جغرافیہ میں پاس کرے گا وہ
مدرسی مذکور کے لئے پرائمری پاس سمجھا جائے گا۔ اور
(۲) جو شخص مڈل کورس کے حساب جغرافیہ اور تاریخ میں پاس کرے گا
وہ مدرسی مذکور کی ملازمت کے لئے مڈل پاس سمجھا جائے گا۔

ایسے اشخاص پرائیوٹ طور پر امتحان سالانہ مڈل اسکول میں شریک کئے
جا سکیں گے۔ بشرطیکہ شروع ماہ فروری میں درخواست شرکت امتحان
پیش کریں۔

حکم ہے کہ

باجرائے احکام پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ و انسپکٹر صاحب مدارس کو اطلاع دیجائے اور دو مرتبہ
گزٹ میں اس روبکار کی اشاعت کی جاوے۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت
۲۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل یادداشت صاحب چیف مجسٹریٹ دربارہ منظوری رخصت
مزید رعایتی یک ماہ مسمی محبوب علی اہلمد بانتظام سابقہ بوجہ علالت
من ابتدائے ۱۰ ستمبر سنہ حال۔

حکم

حسب سفارش صاحب چیف مجسٹریٹ رخصت یک ماہ محبوب علی اہلمد کی
منظور ہے کام انتظام حسب رائے صاحب چیف مجسٹریٹ رہے گا۔
دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت
رخصت
۱۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت یک ماہ
منشی حبیب اللہ گرداور جنگی چوکی ریلوے بوضع تنخواہ۔

حکم

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب منشی حبیب اللہ گرداور جنگی چوکی ریلوے کی
رخصت یک ماہ بوضع تنخواہ تاریخ امروزہ سے منظور ہے۔ کام کا انتظام
میونسپل افسر صاحب کرینگے۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ر ، ہر

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید او صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ر ، ہر

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۲ر ہر

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی ڈبلیو ڈی صنعت و حرفت ریاست رامپور
واقع ۲۱ ماہ جون ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۱۲ جون ۱۹۲۵ء پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی۔ کاغذات متعلق دفعہ حسب تجویز ممبران خدمت میں جناب اسسٹنٹ سکریٹری صاحب بہادر کے ارسال کی گئی اور کاغذات متعلق دفعہ ۹ بغرض صدور حکم اجلاس ہمایوں میں پیش کی گئی۔ بعد صدور حکم نتیجہ سے اطلاع دیجاوے گی لہذا

حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا مع روئداد منسلکہ بغرض اطلاع و کارروائی ضابطہ خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے مرسلہ ہو۔ اور نقل درج گزٹ ہونیکی واسطے مطبع سرکاری میں بھیجی جاوے۔ صدر کو بغرض تعمیل مرسلہ ہو۔ فقط

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روئداد جلسہ میونسپل کمیٹی منعقدہ ٹاؤن ہال تصفیہ شدہ واقع میونسپل آفس
محررہ ۱۲ جون ۱۹۲۵ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	نام پریزیڈنٹ صاحب	نام سکریٹری	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی
		منشی اصغر علی خان صاحب	صاحب میونسپل سکریٹری	۱- میونسپل سکریٹری صاحبزادہ سید قدرت علی خان صاحب بہادر۔ ۲- مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل	ماسٹر ۱- ہرنام سنگھ صاحب۔ ۲- مولوی اعجاز حسین صاحب۔ ۳- لالہ رام کشور صاحب۔ ۴- لالہ [illegible] چند داس صاحب۔ ۵- لالہ طوطی رام صاحب۔ ۶- لالہ جانکی داس صاحب۔ ۷- عطاء اللہ خان صاحب		
۱	درخواست نوشہ ولد مجو سکنہ متصل سرائے دروازہ باستدعاء اجازت تعمیر سہ دری و یک دروازہ جدید و تعمیر چبوترہ ۲ گز درعہ طولاً و تجدید اجازت نامہ ۱۰ اپریل ۱۹۲۵ء۔					۱	حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی جس کا اجازت نامہ عرضی گزار ۱۵ اپریل ۱۹۲۴ء میں حاصل کر چکا ہے رقم نذرانہ وصول ہو چکی ہے اس کا اجازت نامہ کاغذات میں شامل [illegible] واجازت تعمیر سہ دری جدید باخذ نذرانہ [illegible] و یک دروازہ جدید باخذ نذرانہ دو روپیہ

نمبر	امور تنفیذ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							وتعمیر چبوترہ نالی پر ڈاٹ لگاکر طولاً آٹھ درعہ باخذ نذرانہ دونصف روپیہ دیجاتی ہے یہ موقع سرائے دروازہ واقع ہے نالی پر جو ڈاٹ تعمیر ہوگی وہ اسقدر بلند رکھی جائے کہ جس مین صفائی کیڑا ہوکر اندر سے ہوسکے	ایضاً
۲	درخواست عبدالنبی ولد جعفر علی ساکن محلہ فیلبانان باستدعار اجازت سہ دروازہ جبہ ید وتعمیر پشتہ وتعمیر چھجہ وتعمیر ایک کھڑکی جدید۔					۲	آج یہ کاغذات بموجودگی عرضی گزار پیش ہوئی بجائی تین دروازون کے عرضی گزار ایک دروازہ برآمد کریگا۔حسب خواہش عرضی گزار اجازت تعمیر مکان بشمول آراضی پشتہ وبرآمدگی یک دروازہ تحتی باخذ نذرانہ دو روپیہ وبرآمدگی چھجہ تین درعہ طولاً باخذ نذرانہ پانچ روپیہ وسائبان باخذ نذرانہ پانچ روپیہ وایک چھجہ تحتی باخذ نذرانہ ایک روپیہ۔دروازہ فوقی باخذ نذرانہ ایک روپیہ اجازت دیجاتی ہے کل رقم نذرانہ تعدادی چودہ روپیہ وصول کرکے اجازت نامہ دیدیا جاے۔	ایضاً
۳	درخواست حافظ غلام حضرت بابت توڑنے ڈاٹ ولگانے کواڑ۔					۳	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب سپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت کھولنے دروازہ دکان باخذ نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	ایضاً
۴	درخواست عنایت علی خان ولد غلام نبی خان سکنہ محلہ گل گھر باستدعار اجازت تعمیر مکان بر بنیاد سابقہ۔					۴	مکان متنازعہ عرصہ چار پانچ سال کا منہدمہ ہے رپورٹ تحقیقاتی سپرنٹنڈنٹ حلقہ سے دروازہ بھی اسی وقت کا منہدمہ ہے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ایسی صورت مین نذرانہ قائمی دروازہ عرضی گزار سے قابل وصول ہے باخذ نذرانہ دو روپیہ وتعمیر مکان کی بنیاد سابقہ پر مطابق بیعنامہ اجازت دیجاتی ہے۔	ایضاً
۵	درخواست لالجی ولد شیام لال سکنہ محلہ چھیپیان باستدعار اجازت تعمیر دیوار پختہ بشمول آراضی۔					۵	بالاتفاق یہ رائے ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب وسپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت شمول آراضی خریدشدہ صیغہ نزول تعدادی درعہ قیمتی چھ روپیہ ذریعہ ۵ مراپریل دیجاتی ہے وقت قائمی بنیاد اہلکار صیغہ نزول کو ہمراہ لیے لیا جائے۔	ایضاً
۶	درخواست نبن خان سکنہ گیہری حسین خان					۶	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]		تجویزات کمیٹی	[illegible]
	باستدعاء اجازت تعمیر دروازہ ہا								دسپرنڈنٹ حلقہ تعمیر مکان کی مع دروازہ باغذ غزرا مبلغ چار روپیہ بنیاد سابقہ پر مطابق بیعنامہ سلطانی اجازت دیجاتی ہے۔	
۷	درخواست سردار ولی خان بابت اجازت تعمیر چھپت بر بنیاد سابقہ							۷	جلسہ کمیٹی منعقدہ ۱۰ ہر جون ۱۹۲۴ء میں یہ تجویز ہوئی تھی کہ سردار ولی خان تعمیر کنندہ کو طلب کرکے جواب لیا جائے۔ مکرر دفتر سے جاری کیا گیا باوصف اطلاعیابی نامبردہ حاضر نہیں ہوا۔ آراضی پشتہ مرمن کی ثابت ہو خلاف اجازت شمول آراضی کی علت میں موازی آٹھ آنہ تاوان وصول کرکے سیاہہ کرائی جاوے	ایضاً
۸	نوٹ ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب مع کاغذات شکایتی مہتمم صاحب گاؤمیش خانہ نسبت نکاس پرنالہ جدید مکان مولوی علی حسین خان واقع سرائے دروازہ							۸	یہ کاغذات جلسہ کمیٹی میں پیش ہوئے جلسہ کمیٹی منعقدہ ۲ ہر اپریل ۱۹۲۵ء میں تجویز ہوئی تھی کہ ماسٹر ہرنام سنگھ ممبر حلقہ بعد معائنہ موقع مفصل حالت تحریر کریں نوٹ ممبر صاحب حلقہ مفصل شامل ہے جس سے ظاہر ہے کہ عرصہ تین سال ہوئے کہ ایک مکان سکونت مہتمم صاحب گاؤمیش خانہ کیلئے بالائے مکانات گاؤمیش خانہ تعمیر ہوا جس میں مہتمم صاحب کی سکونت ہے اور اس مکان کا پانی ہر وقت کے مصارف کا مکان مولوی علی حسین خان میں آتا ہے جسکی انکو شکایت ہے مگر مولوی صاحب نے کوئی شکایت ضابطہ میں نہیں کی ہے اور اس پانی کی نکاسی کیلئے ایک سوراخ شمالی دیوار میں کر لیا ہے جس سے پانی کا نکاس ہے۔ مہتمم صاحب گاؤمیش خانہ نے اس پانی کی شکایت کی ہے جسکی سبب سے ان کاغذات کا دوران ہوا ہے اگرچہ یہ نکاس پانی کا مولوی صاحب نہیں کرتے تو اُن کے مکان کو نقصان پہونچتا اس جدید نکاس پانی سے سرکاری مکانات گاؤمیش خانہ کو کوئی نقصان نہیں ہے اور نہ کسی آراضی سرکاری پر مولوی علی حسین خان کا قبضہ ہونا ثابت ہوتا ہے بلکہ جو مکان سکونت مہتمم صاحب گاؤمیش خانہ کیلئے جدید	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							تعمیر ہونے سے اُس سے بے پردگی مکان مولوی علی حسین خان متصور ہے اگر مکان مذکور پر دیوار پردہ بلند ہو جائے تو بے پردگی مکان مولوی صاحب باقی نہ ہو. نقشہ موقع مفصل شامل ہے مکان گاؤمیش خانہ سرکاری متعلق پرائیوٹ ڈیپارٹمنٹ ہے. لہٰذا یہ تجویز ہوئی کہ حسب رپورٹ مہتمم صاحب حلقہ نسبت تعمیر دیوار مکان گاؤمیش خانہ اجلاس جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر تحریک فرمائی تاکہ شکایت مولوی صاحب رفع ہو جاوے۔ اور دوسری کی شکایت کے متعلق کمیٹی کی یہ رائے ہے کہ وہ سرکاری مکان جسکا پانی مولوی صاحب کے مکان میں آتا ہے جسکی مجبوری ہے نکاسی آب کیواسطے انہوں نے اپنے مکان میں یہ جدید کام کیا ہے اُس سرکاری مکان کا پانی مولوی صاحب کے مکان میں آنا سرکاری طور پر بند کر دیا جائے اُسوقت مولوی صاحب کو بھی اس جدید نکاس کے بند کرنیکے متعلق مجبور کیا جائے۔ بامید صدور حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات پیش ہو۔	ایضاً
۶	کاغذات تعمیرات برآمدگی سہ دروازہ و تعمیر چبوترہ مکان امام باڑہ بابت [illegible] نذرانہ۔					۶	مولوی محمد یعقوب وکیل سرکار فیض آثار نے مکان امام باڑہ کے بھی سہ دروازہ جدید برآمد کیے ہیں اور نالی سرکاری پر ایک چبوترہ طولاً آٹھ در عہ ڈاٹ لگا کر تعمیر کیا ہے مبلغ چھ روپیہ برآمدگی دروازہ ہائے اور دس روپیہ نذرانہ تعمیر چبوترہ یعنی مبلغ سولہ روپیہ بروئے قاعدہ [illegible] واجب ہوتے ہیں۔ آج یہ مثل بمواجہ مولوی محمد یعقوب وکیل پیش ہوئی اور عذرات نامبردہ مسموع ہوئے برآمدگی دروازہ ہائے و تعمیر چبوترہ کی اجازت اجلاس عالی سے باخذ نذرانہ بحکم ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۲ع ہو چکی ہے۔ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ مورخہ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ع سے واضح ہے کہ رقم نذرانہ کی بابت وکیل صاحب	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							اقرار کیا ہے اب عذرداری ادخال نذرانہ کیلئے اس بناپر کی ہے کہ مکان امام باڑہ شئے وقف ہی اور وقف واقف کے اقرار سے ہوا کرتا ہے۔ نقل ڈی-او- جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر سے مکان و باغ وقف کرنا ثابت ہوتا ہے مگر وقف نامہ اسوقت تک رجسٹری نہیں ہوا ہے۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مکان وقف ہونے کی صورت میں نذرانہ برآمدگی دروازہ ہائے و تعمیر چبوترہ تعدادی سولہ روپیہ کی معافی بخشی جائے تو مناسب ہے باُمید منظوری باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً

تمت

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا اکتوبر لغایت جون

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض							[illegible]	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب										
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۱۳	۷۶	۱۲۵	۳۳	۴۳۹	۳۳۹	۱۰۰	۱۹۵	۱۴۴	۳۱	۲۴	۱۱۶	۱۱۰	۳۴۲	۲۸۵	۵۱۳	۱۱۴	۰	۲۴۲	۰	۲۵۴	۱	۰	۰	۶۲۷	
گنج	۱۰۳	۳۰	۷۶	۱۰	۲۰۰	۱۷۰	۳۰	۱۵۶	۱۰۵	۱۹	۱۸	۹۹	۱۰۰	۲۷۴	۲۲۳	۴۴۱	۵۶	-	۱۹۳	۰	۳۰۴	-	۰	۰	۴۹۷	
حوالی شہر	۱۱۴	۱۱۲	۸۴	۱۰۶	۴۱۶	۱۹۸	۲۱۸	۵۳	۴۲	۷	۱۳	۹۱	۵۳	۱۵۱	۱۰۸	۱۳۴	۱۲۲	۰	۶	۲۵۳	۰	۰	۰	۰	۲۵۹	
عظیم نگر	۲۰۸	۲۱۸	۲۳۴	۱۹۵	۹۳۸	۵۲۵	۴۱۳	۴۳	۶۶	۲۸	۲۶	۱۶۲	۸۲	۲۶۳	۱۴۷	۲۶۶	۱۴۴	۱	۲۱	۰	۴۱۸	۰	۰	۰	۴۱۰	
شاہ آباد	۱۳۱	۳۵۲	۱۰۵	۳۰۵	۹۰۵	۲۳۶	۶۶۹	۱۴۱	۱۳۲	۳۶	۳۱	۲۹۸	۱۵۹	۴۲۵	۳۳۲	۲۴۳	۵۱۴	۰	۱۰۸	۶۳۸	۰	۱۱	۰	۰	۷۵۷	
پٹوائی	۸۰	۳۵۱	۴۰	۳۴۱	۸۱۲	۱۵۰	۶۶۲	۲۳	۵۸	۱۵	۱۳	۱۳۹	۱۰۰	۲۱۶	۱۶۱	۸۶	۳۰۲	۰	۷	۰	۳۸۰	۱	۰	۰	۳۷۷	
ملک	۱۵۴	۴۷۸	۹۶	۶۰۳	۱۰۹۲	۲۳۲	۱۳۵۲	۲۲۹	۴۳	۳۲	۳۰۳	۲۲۰	۵۹۵	۲۴۵	۱۴۴	۸۹۳	۱	۱۳۵	۰	۹۳۴		۰	۰	۰	۱۰۵۰	
بلاسپور	۱۵۳	۱۳۸	۱۳۸	۱۱۴	۵۳۳	۲۹۱	۲۴۲	۴۳	۳۳	۲۲	۱۶	۱۷۴	۹۹	۲۳۱	۱۱۷	۲۰۰	۱۴۸	۰	۴	۳۷۰	۱	۳	۰	۰	۳۴۸	
کیمری	۱۲۳	۲۲۲	۱۰۵	۲۱۶	۶۶۸	۲۲۸	۴۴۰	۶۵	۵۵	۱۹	۱۸	۱۳۰	۹۰	۲۱۴	۱۳۳	۱۳۲	۲۴۵	۰	۵۱	۳۱۹	۲	۴	۰	۰	۳۷۷	
سوار	۱۲۴	۱۳۳	۱۲۲	۹۱	۴۷۰	۲۶۷	۲۲۴	۴۱	۲۴	۲۰	۱۳	۱۲۶	۸۱	۱۸۶	۱۲۰	۱۹۲	۱۱۵	۰	۰	۰	۳۰۲	۵	۰	۰	۳۰۷	
ٹانڈہ	۱۸۰	۱۷۸	۱۲۳	۱۰۷	۶۲۷	۳۴۳	۲۸۳	۸۲	۴۱	۲۰	۲۲	۱۱۱	۶۸	۲۱۳	۱۴۳	۲۲۵	۱۶۱	۰	۶۶	۰	۳۱۱	۹	۰	۰	۳۸۶	
میزان	۱۲۵۲	۲۵۳۲	۱۳۱۴	۲۱۳۰	۷۲۱۰	۱۹۲۸	۲۶۶۳	۱۱۹۰	۹۶۱	۲۴۰	۲۳۴	۱۳۶۴	۱۱۴۲	۳۱۱۷	۲۳۴۲	۲۶۱۲	۲۰۶۴	۳	۹۲۳	۱۵۸۰	۳۰۰۲	۳۴	۱	-	۹۴۰۲	

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتداء ۱۶ ستمبر لغایت ۲۲ ستمبر ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر ریاست		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		قصبہ ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۶ ستمبر ۱۹۲۵ء چہارشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۷ 〃 〃 پنجشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۸ 〃 〃 جمعہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۱۹ 〃 〃 شنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۰ 〃 〃 یکشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۱ 〃 〃 دوشنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶
۲۲ 〃 〃 سہ شنبہ	۰	۴۹۴	۰	۵۰۲	۰	۴۲۵	۰	۵۰۷	۰	۵۰۲	۰	۵۵۶

نقشہ نرخنامہ نہیں آیا